The Absolute Reality

www.quran4u.com

# Quran with Urdu Translation

Fateh Muhammad Jalundhary

(فتح محمد جالندہری)

## سورة الأنبياء

Urdu Translation اردو ترجمہ

Click This Bar to Listen Audio

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ

| | |
|---|---|
| لوگوں کا حساب (اعمال کا وقت) نزدیک آ پہنچا ہے<br>اور وہ غفلت میں (پڑے اس سے) منہ پھیر رہے ہیں | .1 |
| ان کے پاس کوئی نصیحت ان کے پروردگار کی طرف سے نہیں آتی مگر وہ اسے کھیلتے ہوئے سنتے ہیں | .2 |
| ان کے دل غفلت میں پڑے ہوئے ہیں<br>اور ظالم لوگ (آپس میں) چپکے چپکے باتیں کرتے ہیں<br>کہ یہ (شخص کچھ بھی) نہیں مگر تمہارے جیسا آدمی ہے<br>تو تم آنکھوں دیکھتے جادو (کی لپیٹ) میں کیوں آتے ہو؟ | .3 |
| (پیغمبر نے) کہا کہ جو بات آسمان اور زمین میں (کہی جاتی) ہے، میرا پروردگار اسے جانتا ہے<br>اور وہ سننے والا اور جاننے والا ہے | .4 |

| | |
|---|---|
| .5 | بلکہ (ظالم) کہنے لگے کہ (یہ قرآن) پریشان (باتیں ہیں جو) خواب (میں دیکھ لی) ہیں<br>(نہیں) بلکہ اس نے اس کو اپنی طرف سے بنالیا ہے<br>(نہیں) بلکہ یہ (شعر جو اس) شاعر (کا نتیجہ طبع) ہے<br>تو جیسے پہلے (پیغمبر نشانیاں دے کر) بھیجے گئے تھے<br>(اسی طرح) یہ بھی ہمارے پاس کوئی نشانی لائے |
| .6 | ان سے پہلے جن بستیوں کو ہم نے ہلاک کیا وہ ایمان نہیں لائی تھیں<br>تو کیا یہ ایمان لے آئیں گے |
| .7 | اور ہم نے تم سے پہلے مرد ہی (پیغمبر بنا کر) بھیجے جن کی طرف ہم وحی بھیجتے تھے<br>اگر تم نہیں جانتے تو جو یاد رکھتے ہیں ان سے پوچھ لو |
| .8 | اور ہم نے ان کے ایسے جسم نہیں بنائے تھے کہ کھانا نہ کھائیں اور نہ وہ ہمیشہ رہنے والے تھے |
| .9 | پھر ہم نے ان کے بارے میں (اپنا) وعدہ سچا کر دیا<br>تو ان کو اور جس کو چاہا نجات دی اور حد سے نکل جانے والوں کو ہلاک کر دیا |
| .10 | ہم نے تمہاری طرف ایسی کتاب نازل کی ہے جس میں تمہارا تذکرہ ہے<br>کیا تم نہیں سمجھتے؟ |
| .11 | اور ہم نے بہت سی بستیوں کو جو ستمگار تھیں ہلاک کر مارا<br>اور ان کے بعد اور لوگ پیدا کر دیئے |
| .12 | جب انہوں نے ہمارے (مقدمہ) عذاب کو دیکھا تو لگے اس سے بھاگنے |

| | |
|---|---|
| .13 | مت بھاگو<br>اور جن (نعمتوں) میں تم عیش و آسائش کرتے تھے ان کی اور اپنے گھروں کی طرف لوٹ جاؤ،<br>شاید تم سے اس بارے میں دریافت کیا جائے |
| .14 | کہنے لگے ہائے شامت بے شک ہم ظالم تھے |
| .15 | تو وہ ہمیشہ اسی طرح پکارتے رہے<br>یہاں تک کہ ہم نے ان کو (کھیتی کی طرح) کاٹ کر (اور آگ کی طرح) بجھا کر ڈھیر کر دیا |
| .16 | اور ہم نے آسمان اور زمین کو اور جو (مخلوقات) ان دونوں<br>کے درمیان ہے اس کو لہوولعب کے لئے پیدا نہیں کیا |
| .17 | اگر ہم چاہتے کہ کھیل (کی چیزیں یعنی زن و فرزند)<br>بنائیں تو اگر ہم کو کرنا ہی ہوتا تو ہم اپنے پاس سے بنا لیتے |
| .18 | (نہیں) بلکہ ہم سچ کو جھوٹ پر کھینچ مارتے ہیں تو وہ اس<br>کا سر توڑ دیتا ہے اور جھوٹ اسی وقت نابود ہو جاتا ہے<br>اور جو باتیں تم بناتے ہو ان سے تمہاری خرابی ہے |
| .19 | اور جو لوگ آسمانوں میں اور زمین میں ہیں سب اسی کے (مملوک اور اسی کے مال) ہیں۔<br>اور جو (فرشتے) اس کے پاس ہیں وہ اس کی عبادت سے نہ کتراتے ہیں اور نہ اکتاتے ہیں |
| .20 | رات دن اس کی تسبیح کرتے رہتے ہیں (نہ تھکتے ہیں) نہ اکتاتے ہیں |
| .21 | بھلا لوگوں نے جو زمین کی چیزوں سے (بعض کو) معبود بنا لیا<br>ہے (تو کیا) وہ ان کو (مرنے کے بعد) اٹھا کھڑا کریں گے؟ |

| | |
|---|---|
| .22 | اگر آسمان اور زمین میں خدا کے سوا اور معبود ہوتے تو (زمین و آسمان) درہم برہم ہو جاتے۔<br>جو باتیں یہ لوگ بتاتے ہیں خدائے مالک عرش ان سے پاک ہے |
| .23 | وہ جو کام کرتا ہے اس کی پرسش نہیں ہو گی<br>اور (جو کام یہ لوگ کرتے ہیں اس کی) ان سے پرسش ہو گی |
| .24 | کیا لوگوں نے خدا کو چھوڑ کر معبود بنا لیے ہیں؟<br>کہہ دو کہ (اس بات پر) اپنی دلیل پیش کرو<br>یہ (میری اور) میرے ساتھ والوں کی کتاب بھی ہے<br>اور جو مجھ سے پہلے (پیغمبر) ہوئے ہیں انکی کتابیں بھی ہیں<br>بلکہ (بات یہ ہے کہ) ان میں اکثر حق بات کو نہیں جانتے اور اس لئے منہ پھیر لیتے ہیں |
| .25 | اور جو پیغمبر ہم نے تم سے پہلے بھیجے ان کی طرف یہی وحی بھیجی کہ<br>میرے سوا کوئی معبود نہیں تو میری ہی عبادت کرو |
| .26 | اور کہتے ہیں کہ خدا بیٹا رکھتا ہے<br>وہ پاک ہے (اسکے نہ بیٹا ہے نہ بیٹی)<br>بلکہ (جن کو یہ لوگ اس کے بیٹے اور بیٹیاں سمجھتے ہیں) وہ اس کے عزت والے بندے ہیں |
| .27 | اس کے آگے بڑھ کر بول نہیں سکتے اور اس کے حکم پر عمل کرتے ہیں |
| .28 | جو کچھ ان کے آگے ہو چکا ہے اور جو پیچھے ہو گا وہ سب سے واقف ہے<br>اور وہ (اسکے پاس کسی کی) سفارش نہیں کر سکتے مگر اس شخص کی جس سے خدا خوش ہوا<br>اور وہ اس کی ہیبت سے ڈرتے رہتے ہیں |

| | |
|---|---|
| .29 | اور جو شخص ان میں سے یہ کہے کہ خدا کے سوا میں معبود ہوں تو اسے ہم دوزخ کی سزا دیں گے<br>(اور) ظالموں کو ہم ایسی ہی سزا دیا کرتے ہیں |
| .30 | کیا کافروں نے نہیں دیکھا کہ آسمان اور زمین دونوں ملے ہوئے تھے تو ہم نے ان کو جدا جدا کر دیا؟<br>اور تمام جاندار چیزیں ہم نے پانی سے بنائیں<br>پھر یہ لوگ ایمان کیوں نہیں لاتے؟ |
| .31 | اور ہم نے زمین میں پہاڑ بنائے تاکہ لوگوں (کے بوجھ) سے ہلنے (اور جھکنے) نہ لگے<br>اور اس میں کشادہ راستے بنائے تاکہ لوگ ان پر چلیں |
| .32 | اور آسمان کو محفوظ چھت بنایا<br>اس پر بھی وہ ہماری نشانیوں سے منہ پھیر رہے ہیں |
| .33 | اور وہی تو ہے جس نے رات اور دن اور سورج اور چاند کو بنایا<br>(یہ) سب (یعنی سورج اور چاند اور ستارے) آسمان میں (اس طرح چلتے ہیں گویا) تیر رہے ہیں |
| .34 | اور (اے پیغمبر) ہم نے تم سے پہلے کسی آدمی کو بقائے دوام نہیں بخشا<br>بھلا اگر تم مر جاؤ تو کیا یہ لوگ ہمیشہ رہیں گے؟ |
| .35 | ہر متنفس کو موت کا مزا چکھنا ہے<br>اور ہم تم لوگوں کو سختی اور آسودگی میں آزمائش کے طور پر مبتلا کرتے ہیں<br>اور تم ہماری ہی طرف لوٹ کر آؤ گے |
| .36 | اور جب کافر تم کو دیکھتے ہیں تو تم سے استہزاء کرتے ہیں کہ |

| | |
|---|---|
| کیا یہی شخص ہے جو تمہارے معبودوں کا ذکر (برائی سے) کیا کرتا ہے؟<br>حالانکہ وہ خود رحمن کے نام سے منکر ہیں | |
| انسان (کچھ جلد باز ہے کہ گویا) جلد بازی ہی سے بنایا گیا ہے<br>میں تم لوگوں کو عنقریب اپنی نشانیاں دکھلاؤں گا تو تم جلدی نہ کرو | .37 |
| اور کہتے ہیں کہ اگر تم سچے ہو تو (جس عذاب کا) یہ وعید (ہے وہ) کب آئے گا | .38 |
| اے کاش کافر اس وقت کو جانیں جب وہ اپنے مونہوں پر سے<br>(دوزخ کی) آگ کو روک نہ سکیں گے اور نہ اپنی پیٹھ پر سے<br>اور نہ ان کا کوئی مددگار ہو گا | .39 |
| بلکہ (قیامت) ان پر ناگہاں آ واقع ہو گی اور انکے ہوش کھو دے گی<br>پھر نہ تو وہ اس کو ہٹا سکیں گے اور نہ ان کو مہلت دی جائے گی | .40 |
| اور تم سے پہلے بھی پیغمبروں کے ساتھ استہزاء ہوتا رہا ہے<br>تو جو لوگ ان میں تمسخر کیا کرتے تھے، ان کو اسی (عذاب) نے جس کی ہنسی اڑاتے تھے آگھیرا | .41 |
| کہو کہ رات اور دن میں خدا سے تمہاری کون حفاظت کر سکتا ہے؟<br>بات یہ ہے کہ یہ اپنے پروردگار کی یاد سے منہ پھیرے ہوئے ہیں | .42 |
| کیا ہمارے سوا ان کے اور معبود ہیں کہ ان کو (مصائب سے) بچا سکیں؟<br>وہ آپ اپنی مدد تو کر ہی نہیں سکتے اور نہ ہم سے پناہ میں دیئے جائیں گے | .43 |
| بلکہ ہم ان لوگوں کو اور ان کے باپ دادا کو متمتع کرتے رہے<br>یہاں تک کہ (اسی حالت میں) ان کی عمریں بسر ہو گئیں، | .44 |

| | |
|---|---|
| کیا یہ نہیں دیکھتے کہ ہم زمین کو اس کے کناروں سے گھٹاتے چلے آتے ہیں؟<br>تو کیا یہ لوگ غلبہ پانے والے ہیں؟ | |
| کہہ دو کہ میں تم کو حکم خدا کے مطابق نصیحت کرتا ہوں<br>اور بہروں کو جب نصیحت کی جائے تو وہ پکار کو سنتے ہی نہیں | .45 |
| اور اگر ان کو تمہارے پروردگار کا تھوڑا سا عذاب بھی پہنچے تو کہنے لگیں کہ<br>ہائے کمبختی ہم بیشک ستمگار تھے | .46 |
| اور ہم قیامت کے دن انصاف کی ترازو کھڑی کریں<br>گے تو کسی شخص کی ذرا بھی حق تلفی نہ کی جائے گی<br>اور اگر رائی کے دانے کے برابر بھی (کسی کا عمل) ہو گا تو ہم اس کو لا حاضر کریں گے<br>اور ہم حساب کرنے کو کافی ہیں | .47 |
| اور ہم نے موسیٰ اور ہارون کو (ہدایت و گمراہی میں) فرق کر<br>دینے والی اور (سر تاپا) روشنی اور نصیحت (کی کتاب) عطا کی<br>(یعنی) پرہیز گاروں کے لئے | .48 |
| جو بن دیکھے اپنے پروردگار سے ڈرتے ہیں اور قیامت کا بھی خوف رکھتے ہیں | .49 |
| اور یہ مبارک نصیحت ہے جسے ہم نے نازل فرمایا ہے<br>تو کیا تم اس سے انکار کرتے ہو؟ | .50 |
| اور ہم نے ابراہیم کو پہلے ہی سے ہدایت دی تھی اور ہم ان کے حال سے واقف تھے۔ | .51 |

| | |
|---|---|
| .52 | جب انہوں نے اپنے باپ اور اپنی قوم کے لوگوں سے کہا کہ<br>یہ کیا مورتیں ہیں جن (کی پرستش) پر تم معتکف (و قائم ہو)؟ |
| .53 | وہ کہنے لگے کہ ہم اپنے باپ داد کو ان کی پرستش کرتے دیکھا ہے |
| .54 | (ابراہیم نے) کہا کہ تم بھی (گمراہ ہو) اور تمہارے باپ داد بھی صریح گمراہی میں پڑے رہے |
| .55 | وہ بولے کیا تم ہمارے پاس (واقعی) حق لائے ہو یا (ہم سے) کھیل (کی باتیں) کرتے ہو؟ |
| .56 | (ابراہیم نے) کہا (نہیں) بلکہ تمہارا پروردگار آسمانوں<br>اور زمین کا پروردگار ہے، جس نے ان کو پیدا کیا ہے<br>اور میں اس (بات) کا گواہ (اور اسی کا قائل) ہوں |
| .57 | اور خدا کی قسم جب تم پیٹھ پھیر کر چلے جاؤ گے تو میں تمہارے بتوں سے ایک چال چلوں گا |
| .58 | پھر ان کو توڑ کر ریزہ ریزہ کر دیا مگر ایک بڑے (بت) کو (نہ توڑا) تاکہ وہ اس کی طرف رجوع کریں |
| .59 | کہنے لگے کہ ہمارے معبودوں کے ساتھ یہ معاملہ کس نے کیا؟<br>وہ تو کوئی ظالم ہے |
| .60 | لوگوں نے کہا کہ ہم نے ایک جوان کو ان کا ذکر کرتے ہوئے سنا ہے<br>اس کو ابراہیم کہتے ہیں |
| .61 | وہ بولے کہ اسے لوگوں کے سامنے لاؤ تاکہ وہ گواہ رہیں |
| .62 | (جب ابراہیم آئے تو بت پرستوں نے) کہا کہ ابراہیم!<br>بھلا یہ کام ہمارے معبودوں کے ساتھ تم نے کیا ہے؟ |

| | |
|---|---|
| .63 | (ابراہیم نے) کہا (نہیں) بلکہ یہ ان کے اس بڑے (بت) نے کیا (ہو گا)<br>اگر یہ بولتے ہوں تو ان سے پوچھ لو |
| .64 | انہوں نے اپنے دل میں غور کیا تو آپس میں کہنے لگے بے شک تم ہی بے انصاف ہو |
| .65 | پھر (شرمندہ ہو کر) سر نیچا کر لیا (اس پر بھی ابراہیم سے کہنے لگے کہ) تم جانتے ہو یہ بولتے نہیں |
| .66 | (ابراہیم نے) کہا پھر تم خدا کو چھوڑ کر ایسی چیزوں کو کیوں پوجتے<br>ہو جو تمہیں نہ کچھ فائدہ دے سکیں اور نہ نقصان پہنچا سکیں؟ |
| .67 | تف ہے تم پر اور جن کو تم خدا کے سوا پوجتے ہو ان پر بھی،<br>کیا تم عقل رکھتے؟ |
| .68 | (تب وہ) کہنے لگے کہ اگر تمہیں (اس سے اپنے معبود کا انتقام<br>لینا اور) کچھ کرنا ہے تو اس کو جلا دو اور اپنے معبودوں کی مدد کرو |
| .69 | ہم نے حکم دیا اے آگ سرد ہو جا اور ابراہیم پر (موجب) سلامتی (بن جا) |
| .70 | ان لوگوں نے برا تو ان کا چاہا تھا، مگر ہم نے انہی کو نقصان میں ڈال دیا |
| .71 | اور ابراہیم اور لوط کو اس سرزمین کی طرف بچا نکالا<br>جس میں ہم نے اہل عالم کے لئے برکت رکھی ہے |
| .72 | اور ہم نے ابراہیم کو اسحاق عطا کئے اور مستزاد بر اں یعقوب<br>اور سب کو نیک بخت کیا |

| | |
|---|---|
| اور ان کو پیشوا بنایا کہ ہمارے حکم سے ہدایت کرتے تھے<br>اور ان کو نیک کام کرنے اور نماز پڑھنے اور زکوۃ دینے کا حکم بھیجا<br>اور وہ ہماری عبادت کیا کرتے تھے | .73 |
| اور لوط (کا قصہ یاد کرو) جب انکو ہم نے حکم (حکمت ونبوت) اور علم بخشا<br>اور اس بستی سے جہاں کے لوگ گندے کام کیا کرتے تھے' بچا نکالا،<br>بے شک وہ برے اور بدکردار لوگ تھے | .74 |
| اور انہیں اپنی رحمت کے (محل میں) داخل کیا،<br>کچھ نہیں کہ وہ نیک بختوں میں تھے | .75 |
| اور نوح (کا قصہ بھی یاد کرو) جب (اس سے) پیشتر<br>انہوں نے ہم کو پکارا تو ہم نے ان کی دعا قبول فرمائی<br>اور ان کو اور ان کے ساتھیوں کو بڑی گھبراہٹ سے نجات دی | .76 |
| اور جو لوگ ہماری آیتوں کی تکذیب کرتے تھے ان پر نصرت بخشی،<br>وہ بے شک برے لوگ تھے، سو ہم نے ان سب کو غرق کر دیا | .77 |
| اور داؤد اور سلیمان (کا حال بھی سن لو کہ) جب وہ ایک کھیتی کا مقدمہ فیصل کرنے<br>لگے جس میں کچھ لوگوں کی بکریاں رات کو چر گئیں (اور اسے روند گئی) تھیں<br>اور ہم ان کے فیصلہ کے وقت موجود تھے | .78 |
| تو ہم نے فیصلہ (کرنے کا طریق) سلیمان کو سمجھا دیا | .79 |

| | |
|---|---|
| اور ہم نے دونوں کو حکم (یعنی حکمت و نبوت) اور علم بخشا تھا<br>اور ہم نے پہاڑوں کو داؤد کا مسخر کر دیا تھا کہ ان کے ساتھ<br>تسبیح کرتے تھے اور جانوروں کو بھی (مسخر کر دیا تھا)<br>اور ہم ہی ایسا کرنے والے تھے | |
| اور ہم نے تمہارے لئے ان کو ایک (طرح کا) لباس<br>بنانا بھی سکھا دیا تاکہ تم لڑائی کے ضرر سے بچاۓ،<br>پس تم کو شکر گذار ہونا چاہیۓ | .80 |
| اور ہم نے تیز ہوا سلیمان کے تابع (فرمان) کر دی تھی جو ان کے حکم<br>سے اس ملک میں چلتی تھی جس میں ہم نے برکت دی تھی (یعنی شام)<br>اور ہم ہر چیز سے خبردار ہیں | .81 |
| اور دیوؤں (کی جماعت کو بھی ان کے تابع کر دیا تھا کہ ان) میں سے<br>بعض ان کے لئے غوطہ مارتے تھے اور اس کے سوا اور کام بھی کرتے تھے<br>اور ہم ان کے نگہبان تھے | .82 |
| اور ایوب (کو یاد کرو) جب انہوں نے اپنے پروردگار سے دعا کی کہ مجھے ایذا ہو رہی ہے<br>اور تو سب سے بڑھ کر رحم کرنے والا ہے | .83 |
| تو ہم نے ان کی دعا قبول کر لی اور جو ان کو تکلیف تھی وہ دور کر دی<br>اور ان کو بال بچے عطا فرمائے اور اپنی مہربانی سے ان کے ساتھ اتنے ہی اور (بخشے)<br>اور عبادت کرنے والوں کے لئے یہ نصیحت ہے | .84 |

| | |
|---|---|
| .85 | اور اسماعیل اور ادریس اور ذوالکفل کو (بھی یاد کرو)<br>یہ سب صبر کرنے والے تھے |
| .86 | اور ہم نے ان کو اپنی رحمت میں داخل کیا،<br>بلاشبہ وہ نیکوکار تھے۔ |
| .87 | اور ذوالنون کو (یاد کرو) جب وہ (اپنی قوم سے ناراض ہو کر) غصے کی<br>حالت میں چل دیئے اور خیال کیا کہ ہم ان پر قابو نہیں پا سکیں گے،<br>آخر اندھیرے میں (خدا کو) پکارنے لگے کہ<br>تیرے سوا کوئی معبود نہیں تو پاک ہے (اور) بیشک میں قصوروار ہوں |
| .88 | تو ہم نے ان کی دعا قبول کرلی اور ان کو غم سے نجات بخشی<br>اور ایمان والوں کو ہم اسی طرح نجات دیا کرتے ہیں |
| .89 | اور زکریا کو (یاد کرو) جب انہوں نے اپنے پروردگار کو پکارا کہ پروردگار مجھے اکیلا نہ چھوڑ<br>اور تو سب سے بہتر وارث ہے |
| .90 | تو ہم نے ان کی پکار سن لی اور ان کو یحییٰ بخشا اور ان کی بیوی کو اولاد کے قابل بنادیا<br>یہ لوگ لپک لپک کر نیکیاں کرتے اور ہمیں امید اور خوف سے پکارتے<br>اور ہمارے آگے عاجزی کیا کرتے تھے |
| .91 | اور ان (مریم) کو (بھی یاد کرو) جنہوں نے اپنی عفت<br>کو محفوظ رکھا تو ہم نے ان میں اپنی روح پھونک دی<br>اور ان کو ان کے بیٹے کو اہل عالم کے لئے نشانی بنادیا |

| | |
|---|---|
| .92 | یہ تمہاری جماعت ایک ہی جماعت ہے<br>اور میں تمہارا پروردگار ہوں تو میری ہی عبادت کیا کرو |
| .93 | اور یہ لوگ اپنے معاملے میں باہم متفرق ہو گئے<br>(مگر) سب ہماری طرف رجوع کرنے والے ہیں |
| .94 | جو نیک کام کرے گا اور مومن بھی ہو گا تو اس کی کوشش رائیگاں نہ جائے گی<br>اور ہم اس کے لئے (ثواب اعمال) لکھ رہے ہیں |
| .95 | اور جس بستی (والوں) کو ہم نے ہلاک کر دیا محال ہے کہ<br>(وہ دنیا کی طرف رجوع کریں) وہ رجوع نہیں کریں گے |
| .96 | یہاں تک کہ یاجوج اور ماجوج کھول دیئے جائیں اور وہ ہر بلندی سے دوڑ رہے ہوں |
| .97 | اور (قیامت کا) سچا وعدہ قریب آجائے تو ناگاہ کافروں کی آنکھیں کھلی کی کھلی رہ جائیں<br>(اور وہ کہنے لگیں کہ) ہائے شامت ہم اس (حال) سے غفلت میں رہے<br>بلکہ ہم (اپنے حق میں) ظالم تھے |
| .98 | (کافرو اس روز) تم اور جن کی تم خدا کے سوا عبادت کرتے ہو دوزخ<br>کا ایندھن ہونگے (اور) تم (سب) اس میں داخل ہو کر رہو گے |
| .99 | اگر یہ لوگ (درحقیقت) معبود ہوتے تو اس میں داخل نہ ہوتے<br>اور سب اس میں ہمیشہ (جلتے) رہیں گے |
| .100 | وہاں ان کو چلانا ہو گا اور اس میں (کچھ) نہ سن سکیں گے |

| | |
|---|---|
| .101 | جن لوگوں کے لئے ہماری طرف سے پہلے بھلائی مقرر ہو چکی ہے وہ اس سے دور رکھے جائیں گے |
| .102 | (یہاں تک کہ) اس کی آواز بھی تو نہیں سنیں گے،<br>اور جو کچھ ان کا جی چاہے گا اس میں (یعنی ہر طرح کے عیش اور لطف میں) ہمیشہ رہیں گے |
| .103 | ان کو (اس دن کا) بڑا بھاری خوف غمگین نہیں کرے گا،<br>اور فرشتے ان کو لینے آئیں گے (اور کہیں گے) یہی وہ دن ہے جس کا تم سے وعدہ کیا جاتا تھا |
| .104 | جس دن ہم آسمان کو اس طرح لپیٹ لیں جیسے خطوں کا طومار لپیٹ لیتے ہیں،<br>جس طرح ہم نے (کائنات کو) پہلے پیدا کیا تھا اسی طرح دوبارہ پیدا کر دیں گے<br>(یہ) وعدہ (جس کا پورا کرنا لازم) ہے،<br>ہم ایسا ضرور کرنے والے ہیں |
| .105 | اور ہم نے نصیحت (کی کتاب یعنی تورات) کے بعد زبور میں<br>لکھ دیا تھا کہ میرے نیکوکار بندے ملک کے وارث ہوں گے |
| .106 | اور (اے محمد!) ہم نے تم کو تمام جہاں کے لئے رحمت (بنا کر) بھیجا ہے |
| .107 | کہہ دو کہ مجھ پر (خدا کی طرف سے) یہ وحی آئی ہے کہ تم سب کا معبود خدائے واحد ہے،<br>تو تم کو چاہئے کہ فرمانبردار ہو جاؤ |
| .108 | پس اگر یہ لوگ منہ پھیریں تو کہہ دو کہ میں نے تم سب کو یکساں (احکام الہی) سے آگاہ کر دیا ہے<br>اور مجھ کو معلوم نہیں کہ جس چیز کا تم سے وعدہ کیا جاتا<br>ہے (عن) قریب (آنیوالی) ہے یا (اس کا وقت) دور ہے |

| | |
|---|---|
| جو بات پکار کر کی جائے وہ اسے بھی جانتا ہے اور جو تم پوشیدہ کرتے ہو اس سے بھی واقف ہے | .109 |
| اور میں نہیں جانتا شاید وہ تمہارے لئے آزمائش ہو اور<br>ایک مدت تک (تم اس سے) فائدہ (اٹھاتے رہو) | .110 |
| (پیغمبر نے کہا) کہ اے میرے پروردگار! حق کے ساتھ فیصلہ کر دے<br>اور ہمارا پروردگار بڑا مہربان ہے، اسی سے ان باتوں میں جو تم بیان کرتے ہو مدد مانگی جاتی ہے۔<br>********* | .111 |

© Copy Rights:
*Zahid Javed Rana, Abid Javed Rana*
Lahore, Pakistan
www.quran4u.com